# 20707 ـ دورانِ احرام گرمی سے بچنے کیلیے جسم پر پانی بہانا

**سوال**

کیا احرام والے شخص کیلیے گرمی سے بچنے کیلیے سارے بدن پر پانی بہانا جائز ہے؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اگر گرمی ہو تو ایک مسلمان گرمی سے بچنے کیلیے اپنے جسم پر پانی بہا سکتا ہے، اس میں عبادت کیلیے جسم میں چستی بھی آئے گی، لیکن نہاتے ہوئے یہ خیال کرے کہ اس کے سر کےبالوں اور جلد کے بالوں میں سے کوئی چیز نہ ٹوٹے۔

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد ، آپ کی آل اور صحابہ کرام پر درود و سلام نازل فرمائے۔.